فوری ریلیز کے لیے: 11/8/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL کا دہشت گردی کے شدید خطرات سے دوچار غیر منافع بخش اداروں کی سیکیورٹی مضبوط بنانے کے لیے $32 ملین کی وفاقی فنڈنگ کا اعلان

وفاقی غیر منافع بخش سیکیورٹی گرانٹ پروگرام کی فنڈنگ سے خطرے کے شکار 157 غیر منافع بخش ادارے اپنی سہولت گاہوں کی سیکیورٹی کو مزید مضبوط اور مجموعی تیاری کو بہتر بنا سکیں گے

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج $32 ملین سے زیادہ کی وفاقی فنڈنگ کا اعلان کیا جو دہشت گرد یا دیگر انتہا پسند حملوں کے بڑھتے ہوئے خطرے سے دوچار 157 غیر منافع بخش اداروں کی ان کوششوں میں معاونت کرے گی جن کا مقصد اپنی سہولت گاہوں کی سیکیورٹی مضبوط بنانا اور ساتھ ہی ساتھ اپنی مجموعی تیاری بہتر کرنا ہے۔ یہ فنڈنگ جو وفاقی ایمرجنسی مینجمنٹ ایجنسی (Federal Emergency Management Agency) کی جانب سے اپنے غیر منافع بخش سیکیورٹی گرانٹ پروگرام (Nonprofit Security Grant Program, NSGP) کے ذریعے فراہم کی گئی ہے، دو علیحدہ علیحدہ ایوارڈز کی صورت میں نیو یارک کو دی جا رہی ہے جس میں نیو یارک سٹی میٹرو ایریا میں موجود تنظیموں کے لیے $28.4 ملین اور باقی ریاست کی تنظیموں کے لیے $3.6 ملین شامل ہیں۔ اس پروگرام کا انتظام ریاست نیو یارک کا ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ہنگامی خدمات (New York State Division of Homeland Security and Emergency Services) کرتا ہے۔

"غیر منافع بخش سیکیورٹی گرانٹ پروگرام، ریاست نیو یارک میں داخلی دہشت گردی کو ناکام بنانے کے لیے ہماری حکمتِ عملی کا ایک اہم حصہ ہے،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "ہم جہاں کہیں بھی جمع ہوں، ہمیں تشدد یا نفرت انگیزی کے خوف کے بغیر پُرامن اور باوقار اجتماع کا حق حاصل ہے۔ اس مقصد کے لیے ان تمام فریقوں کی مکمل شراکت داری ناگزیر ہے جو ہماری عظیم ریاست میں رہنے، کام کرنے اور آنے والے ہر فرد کے لیے زیادہ محفوظ ماحول بنانے میں شامل ہیں۔"

ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ہنگامی خدمات کے کمشنر Terry O'Leary (ٹیری او لیری) نے کہا، "نیو یارک کے غیر منافع بخش ادارے پوری ریاست کی کمیونٹیز میں نہایت اہم کردار ادا کرتے ہیں، اور یہ فنڈنگ انہیں اپنے بنیادی ڈھانچے کا تحفظ کرنے، تیاری بہتر بنانے اور دہشت گردی اور نفرت پر مبنی جرائم کی روک تھام کے لیے تربیت میں اضافہ کرنے میں مدد دے گی۔ ہم حکومت کی تمام سطحوں پر اپنے شراکت داروں کے ساتھ مل کر ایسے شرپسند عناصر کو نقصان پہنچانے سے روکنے اور نیو یارک کو سب کے لیے محفوظ جگہ بنانے کے لیے کام جاری رکھیں گے۔"

ملک بھر میں مالی سال 2025 کے دوران غیر منافع بخش سیکیورٹی گرانٹ پروگرام کے ذریعے مجموعی طور پر $274.5 ملین فراہم کیے جا رہے ہیں۔ اس رقم میں سے $137.25 ملین کی فنڈنگ ان غیر منافع بخش اداروں کے لیے دستیاب بنائی گئی ہے جو اربن ایریا سیکیورٹی انیشی ایٹو (Urban Area Security Initiative, UASI) کے تحت نامزد زیادہ خطرے والے شہری علاقوں میں سے کسی ایک میں واقع ہیں۔ بقیہ $137.25 ملین UASI کے نامزد کردہ علاقوں سے باہر واقع دائرہ ہائے اختیار کے لیے مخصوص تھے۔ نیو یارک میں، ریاست کا UASI کی جانب سے نامزد زیادہ خطرے والا شہری علاقہ نیو یارک سٹی میٹرو ایریا ہے۔ خاص طور پر یہ نیو یارک سٹی نیز ویسٹ چیسٹر، نساؤ اور سافک کاؤنٹیز پر مشتمل ہے۔

مجاز اخراجات میں منصوبہ بندی شامل ہے، جیسے سیکیورٹی کو لاحق خطرے کا انتظام، آپریشنز کا تسلسل اور ہنگامی ردِعمل کے منصوبے؛ آلات، جن میں جسمانی سیکیورٹی کو بہتر بنانے اور معائنے/اسکریننگ کے نظاموں کے آلات شامل ہیں؛ مسلح حملہ آور سے نمٹنے کی تربیت اور ملازمین یا عبادت کرنے والوں کے لیے سیکیورٹی تربیت؛ ہنگامی ردِعمل کی مشقیں اور معاہدے پر رکھے گئے سیکیورٹی اہلکار شامل ہیں۔

سینیٹر Charles Schumer (چارلس شومر) نے کہا، "بڑھتے ہوئے خطرات، خاص طور پر وہ جن کا ہم نے نیو یارک سٹی اور لانگ آئی لینڈ میں مشاہدہ کیا ہے، اور یہود دشمنی اور نفرت پر مبنی جرائم میں نمایاں اضافے کے پیشِ نظر، اس بات کو یقینی بنانا پہلے سے کہیں زیادہ اہم ہو گیا ہے کہ عبادت گاہوں میں جمع ہونے والے، اپنے بچوں کو اسکول چھوڑنے والے، یا اپنے مقامی JCC یا دیگر مذہبی کمیونٹی سینٹر جانے والے نیو یارک کے شہری نقصان سے محفوظ رہیں۔ NSGP جیسے وفاقی سیکیورٹی پروگرام دہشت گردی کے خطرات اور نفرت پر مبنی جرائم کے خلاف مؤثر تیاری کی بنیاد ہیں، اور یہ وفاقی فنڈز نیو یارک کے شہریوں کو محفوظ رکھنے میں بڑی مدد کریں گے۔ ہمیں اس وقت تک مزید فنڈنگ کے لیے کوشش جاری رکھنی چاہیے جب تک ہر کمیونٹی کی سیکیورٹی ضروریات پوری نہ ہو جائیں، اور ساتھ ہی ان حملوں کو ہوا دینے والے زہریلے تعصب اور جہالت کا براہِ راست مقابلہ بھی کرنا چاہیے۔"

سینیٹر Kirsten Gillibrand (کرسٹن جیلیبرانڈ) نے کہا، "نیو یارک کے ہر شہری کو بلا خوف عبادت کرنے اور جمع ہونے کا حق حاصل ہے۔ مجھے فخر ہے کہ میں ہماری عبادت گاہوں اور غیر منافع بخش اداروں کے تحفظ کے لیے یہ اہم فنڈنگ فراہم کر رہی ہوں، کیونکہ نیو یارک کے شہریوں کو محفوظ رکھنے سے بڑھ کر کوئی چیز اہم نہیں۔"

نمائندہ Joe Morelle (جو موریل) نے کہا، "کسی بھی کمیونٹی کو نفرت، تشدد یا کسی بھی قسم کی انتہاپسندی کے باعث خوف میں زندگی گزارنے پر مجبور نہیں ہونا چاہیے۔ نیو یارک کے شہریوں کے تحفظ اور ہماری کمیونٹیز کے لیے اہمیت رکھنے والے اداروں کی سیکیورٹی مضبوط بنانے کے مسلسل عزم پر میں گورنر Hochul (ہوکل) اور اپنے تمام شراکت داروں کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔"

ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ہنگامی خدمات کے بارے میں
ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ہنگامی خدمات دہشت گردی، قدرتی آفات، خطرات، آتش زدگی اور دیگر ہنگامی واقعات کی روک تھام، ان کے خلاف تحفظ، ان کے لیے تیاری، ان کے درپیش ہونے پر امدادی کام کرنے، اور ان سے بحالی کے لیے قیادت، رابطہ کاری اور معاونت فراہم کرتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے، DHSES کا Facebook پیج ملاحظہ کریں، X پر @NYSDHSES کو فالو کریں، یا dhses.ny.gov ملاحظہ کریں۔

لمحہ بہ لمحہ ہنگامی اور موسمی انتباہات کے پیغامات براہِ راست اپنے فون پر حاصل کریں۔ ابھی اندراج کروانے کے لیے اپنی کاؤنٹی یا رہائشی بورو 333111 پر ٹیکسٹ کریں۔ dhses.ny.gov/emergency-alerts مزید معلومات حاصل کریں۔

###

ان سبسکرائب کریں
اس گروپ سے ان سبسکرائب کرنے اور اس کی ای میلز روکنے کے لیے
press.release+unsubscribe@exec.ny.gov پر ای میل بھیجیں۔